
# گرمی کا موسم

آیا پھر گرمی کا موسم
دھوپ کی تیزی بھر کر لایا سورج روپ بدل کر آیا
سردی بھاگی چھوڑ کے ہمدم
آیا پھر گرمی کا موسم
اب باغوں میں آم سجیں گے خربوزے کھانے کو ملیں گے
فالودہ بھی کھائیں گے ہم
آیا پھر گرمی کا موسم
ہم کو صبح شام ملے گی چائے کے بدلے شربت لسّی
پیئں گے ٹھنڈا پانی ہر دم
آیا پھر گرمی کا موسم
پاس ہوئے ہم خوش ہیں ڈیڈی لمبی ہے اسکول کی چھٹی
اب پکنک پر جائیں گے ہم
آیا پھر گرمی کا موسم

***

خالد رحیم



# مشق

## ۱- پڑھیے اور سمجھیے :-

روپ - صورت، شکل

ہمدم - دوست، یار

سردی - ٹھنڈ، جاڑا

خربوزہ - ایک قسم کا میٹھا پھل

فالودہ - ایک قسم کی موٹی سویّاں جسے دودھ، شکر اور برف کے ساتھ ملا کر کھاتے ہیں

## ۲- سوچیے اور بتائیے :-

(i) دھوپ میں تیزی کیوں ہے؟

(ii) کس موسم میں سورج روپ بدل کر آتا ہے؟

(iii) گرمی کے موسم میں کیا کھانے کو ملیں گے؟

## ۳- جملے بنائیے :-

موسم، دھوپ، آم ، شربت، چھٹی

